لن تنالوا 4

# القرآن

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

نگہت ہاشمی

| لَنْ | تَنَالُوا | الْبِرَّ | حَتّٰى | تُنْفِقُوْا | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| ہرگز نہیں | تم حاصل کرو گے | پوری نیکی کو | یہاں تک کہ | تم خرچ کرو | اُس میں سے جو |

تم ہرگز پوری نیکی حاصل نہیں کرو گے جب تک تم ان چیزوں میں سے خرچ کرو

| تُحِبُّوْنَ ؕ | وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ شَیْءٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم محبت کرتے ہو | اور جو بھی | تم خرچ کرو گے | کوئی چیز | تو یقیناً | اللہ تعالیٰ |

جن سے تم محبت رکھتے ہو اور جو بھی تم خرچ کرو گے اس کو یقیناً اللہ تعالیٰ

| بِهٖ | عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ | كُلُّ | الطَّعَامِ | كَانَ | حِلًّا |
|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | پوری طرح جاننے والا ہے | تمام | کھانے | تھے | حلال |

پوری طرح جاننے والا ہے۔(92) تمام کھانے بنی اسرائیل کے لیے حلال تھے

| لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ | اِلَّا | مَا | حَرَّمَ | اِسْرَآءِیْلُ | عَلٰی |
|---|---|---|---|---|---|
| بنی اسرائیل کے لیے | مگر | جو | حرام کر چکے تھے | اسرائیل (یعقوبؑ) | اُوپر |

مگر جو اسرائیل (یعقوبؑ) نے اپنی جان پر حرام کر لیے تھے

| نَفْسِهٖ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | تُنَزَّلَ | التَّوْرٰىةُ ؕ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جان کے | (اس) سے پہلے | یہ کہ | نازل کی جاتی | تورات | آپ کہہ دیں |

اس سے پہلے کہ تورات نازل کی جاتی۔ آپ کہہ دیں

| فَاْتُوْا | بِالتَّوْرٰىةِ | فَاتْلُوْهَاۤ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| تم لے آؤ | تورات کو | پھر تم پڑھو اس کو | اگر | ہو تم | سچے |

تورات لاؤ پھر تم اس کو پڑھو اگر تم سچے ہو۔(93)

| فَمَنِ | افْتَرٰی | عَلَی اللّٰهِ | الْكَذِبَ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| پھر جس نے | باندھا | اوپر اللہ تعالیٰ کے | جھوٹ | بعد | اس کے |

پھر جس نے اس کے بعد بھی اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا تو

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۗ

تو وہی لوگ وہ سب ظالم ہیں آپ کہہ دیں سچ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے

وہی لوگ ظالم ہیں۔(94) آپ کہہ دو کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے،

فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ

چنانچہ تم پیروی کرو ملت کی ابراہیم کی یک سو تھا اور نہیں تھا وہ

چنانچہ ابراہیم کی ملت کی پیروی کرو جو یک سو تھا

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ

مشرکوں میں سے یقیناً پہلا گھر بنایا گیا لوگوں کے لیے

اور مشرکوں میں سے نہ تھا۔(95) یقیناً پہلا گھر جو لوگوں کے لیے بنایا گیا

لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ ۚ فِيْهِ

البتہ وہ ہے جو مکہ میں ہے بابرکت اور ہدایت تمام جہانوں کے لیے اس میں

وہی ہے جو مکہ میں ہے، تمام جہانوں کے لئے بابرکت اور ہدایت ہے۔(96) اس میں

اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ

نشانیاں ہیں واضح مقامِ ابراہیم ہے اور جو داخل ہوا اُس میں ہو گیا وہ

واضح نشانیاں ہیں، مقامِ ابراہیم ہے، اور جو اس میں داخل ہوا

اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ

امن والا اور اللہ تعالیٰ کے لیے ہے لوگوں پر حج کرنا بیت اللہ کا جو

وہ امن والا ہو گیا اور اللہ کے لیے لوگوں پر اس گھر کا حج (فرض) ہے

اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ

استطاعت رکھتا ہو اس کی طرف راستے کی اور جس نے کفر کیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ

جو اس کی طرف راستے کی استطاعت رکھتا ہو اور جس نے کفر کیا تو یقیناً اللہ تعالیٰ

غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ

بے نیاز ہے تمام جہانوں سے آپ کہہ دیں اے اہلِ کتاب کیوں تم کفر کرتے ہو

تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔(97) آپ کہہ دیں کہ اے اہلِ کتاب! تم اللہ تعالیٰ کی آیات کا کفر کیوں کرتے ہو؟

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾

اللہ تعالیٰ کی آیات کا اور اللہ تعالیٰ پوری طرح گواہ ہے اوپر اس کے جو تم عمل کرتے ہو

حالانکہ جو تم عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس پر گواہ ہے۔(98) آپ کہہ دیں کہ اے اہل کتاب!

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

آپ کہہ دیں اے اہلِ کتاب کیوں تم روکتے ہو اللہ تعالیٰ کی راہ سے اُس شخص کو جو

آپ کہہ دیں کہ اے اہل کتاب! تم کیوں اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہو اس شخص کو

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۗ وَمَا

ایمان لایا تم تلاش کرتے ہو اُس (راہ) میں کوئی کجی حالانکہ تم گواہ ہو اور ہرگز نہیں

جو ایمان لایا ہے تم اس (راہ) میں کجی تلاش کرتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ بے خبر اس بارے میں جو تم عمل کرتے ہو اے لوگو جو

اور اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں ہرگز بے خبر نہیں ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(99) اے لوگو جو

اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

ایمان لائے ہو اگر تم اطاعت کرو گے ایک گروہ کی اُن لوگوں میں سے جنہیں دی گئی

ایمان لائے ہو اگر تم ان لوگوں میں سے ایک گروہ کی اطاعت کرو گے جنہیں کتاب گئی

الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ

کتاب وہ لوٹا دیں گے تمہیں بعد تمہارے ایمان کے کافر بنا کر اور کیسے

تو وہ تمہارے ایمان کے بعد تمہیں کافر بنا کر لوٹا دیں گے۔(100) اور تم کیسے

تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ

تم کفر کرتے ہو حالانکہ تم پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تم پر اللہ تعالیٰ کی آیات اور تم میں

کفر کرتے ہو؟ حالانکہ تمہیں اللہ تعالیٰ کی آیات پڑھ کر سنائی جارہی ہیں اور تمہارے درمیان

رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ

اُس کا رسول ہے اور جو کوئی مضبوطی سے پکڑے گا اللہ تعالیٰ کو تو یقیناً وہ ہدایت دیا گیا

اس کا رسول بھی موجود ہے اور جو اللہ تعالیٰ (کے دین) کو مضبوطی سے پکڑے گا تو یقیناً وہ

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا ع ۱۰ ۱

طرف سیدھے راستے کی اے لوگو جو ایمان لائے ہو تم ڈر جاؤ

سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیا گیا۔ (101) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ

اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ

اللہ تعالیٰ سے حق ہے اُس سے ڈرنے کا اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر اس حال میں کہ تم

جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں ہرگز موت نہ آئے مگر اسی حال میں کہ تم

مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا

مسلمان ہو اور مضبوطی سے تھام لو رسی کو اللہ تعالیٰ کی سب مل کر اور نہ

مسلمان ہو۔ (102) اور سب مل کر اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور

تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ

تم جدا جدا ہو جاؤ اور یاد کرو نعمت کو اللہ تعالیٰ کی اپنے اوپر جب تھے تم

جدا جدا نہ ہو جاؤ، اور اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد کرو کہ جب تم

اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ

دشمن تو اُس نے اُلفت ڈال دی درمیان تمہارے دلوں کے تو بن گئے تم ساتھ اُس کی نعمت کے

ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ تعالیٰ نے تمہارے دلوں کے درمیان اُلفت ڈال دی تو تم اس کی نعمت

اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ

بھائی (بھائی) اور تھے تم کنارے پر ایک گڑھے کے آگ کے تو اُس نے بچالیا تمہیں

سے بھائی بھائی بن گئے، اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچالیا

مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ

اُس سے اس طرح کھول کر بیان کرتا ہے اللہ تعالیٰ تمہارے لیے نشانیاں اپنی

اس طرح اللہ تعالیٰ اپنی نشانیاں تمہارے لیے کھول بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ

تاکہ تم تم ہدایت پاجاؤ اور لازم ہے کہ ہو تم میں سے ایک جماعت وہ دعوت دیں

تاکہ تم ہدایت پاجاؤ۔(103) اور لازم ہے کہ تم میں سے ایک جماعت ہو

اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

نیکی کی طرف اور وہ حکم دیں بھلائی کا اور وہ روکیں بُرائی سے

جو نیکی کی طرف دعوت دیں اور بھلائی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اور یہی لوگ وہ فلاح پانے والے ہیں اور نہ تم ہوجاؤ اُن لوگوں کی طرح جو

اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔(104) اور تم ان لوگوں کی طرح نہ ہوجاؤ جو

تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ

الگ الگ ہوگئے اور اختلاف کیا اُنہوں نے بعد اس کے جو آچکے ان کے پاس واضح احکامات

الگ الگ ہوگئے اور اپنے پاس واضح احکامات آنے کے بعد بھی اختلاف کیا

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ۙ يَّوْمَ تَبْيَضُّ

اور یہی لوگ اُن کے لیے عذاب ہوگا بہت بڑا جس دن سفید ہوں گے

اور یہی لوگ ہیں جن کے لیے، بہت بڑا عذاب ہوگا۔(105) جس دن کچھ چہرے روشن ہوں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وُجُوْهٌ | وَّتَسْوَدُّ | وُجُوْهٌ ۚ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اسْوَدَّتْ |
| کچھ چہرے | اور سیاہ ہوں گے | کچھ چہرے | تو وہ | جن کے | سیاہ ہوں گے |

اور کچھ چہرے سیاہ ہوں گے تو وہ لوگ جن کے چہرے سیاہ ہوں گے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وُجُوْهُهُمْ ۫ | اَكَفَرْتُمْ | بَعْدَ | اِيْمَانِكُمْ | فَذُوْقُوا |
| چہرے اُن کے | کیا کفر کیا تم نے | بعد | اپنے ایمان کے | تو تم چکھو |

(اُن سے پوچھا جائے گا کہ) کیا تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا؟ تو

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ | وَاَمَّا | الَّذِيْنَ |
| عذاب | اس وجہ سے کہ | تھے تم | تم کفر کرتے تھے | اور رہے | وہ لوگ جن کے |

اب عذاب چکھو اس وجہ سے کہ تم کفر کیا کرتے تھے۔(106) اور جن کے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْيَضَّتْ | وُجُوْهُهُمْ | فَفِيْ رَحْمَةِ | اللّٰهِ ؕ | هُمْ | فِيْهَا |
| سفید ہوں گے | چہرے اُن کے | سو رحمت میں ہوں گے | اللہ تعالیٰ کی | وہ سب | اس میں |

چہرے سفید ہوں گے، سو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں ہوں گے، وہ اس میں

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ | تِلْكَ | اٰيٰتُ اللّٰهِ | نَتْلُوْهَا | عَلَيْكَ |
| ہمیشہ رہنے والے ہوں گے | یہ | اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں | ہم پڑھ کر سُناتے ہیں اُن کو | آپ پر |

ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(107) یہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں جو ہم حق کے ساتھ پڑھ کر آپ کو سناتے ہیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ ؕ | وَمَا | اللّٰهُ | يُرِيْدُ | ظُلْمًا | لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ |
| ساتھ حق کے | اور نہیں | اللہ تعالیٰ | ارادہ رکھتا | ظلم کا | تمام جہانوں کے لیے |

اور اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کے لیے ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔(108)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلِلّٰهِ | مَا | فِي السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي الْاَرْضِ ؕ |
| اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور جو کچھ | زمین میں ہے |

اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ

اور طرف اللہ تعالیٰ کی لوٹائے جاتے ہیں سارے معاملات تم ہو بہترین اُمت

اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔(109) تم بہترین اُمت ہو

اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ

نکالی گئی ہے لوگوں کے لیے تم حکم دیتے ہو بھلائی کا اور تم روکتے ہو

جو لوگوں کے لیے نکالی گئی ہے، تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور

عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ

برائی سے اور تم ایمان رکھتے ہو اللہ تعالیٰ پر اور اگر ایمان لے آتے

برائی سے روکتے ہو اور تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر

اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

اہل کتاب ضرور ہوتا وہ بہتر اُن کے لیے اُن میں سے کچھ مومن ہیں

اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو ضرور ان کے لیے بہتر ہوتا، ان میں سے کچھ مومن ہیں

وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ

اور اکثر اُن کے نافرمان ہیں ہرگز نہیں وہ نقصان پہنچا سکیں گے تمہیں سوائے

اور ان کے اکثر نافرمان ہیں۔(110) وہ تمہیں معمولی تکلیف کے سوا ہرگز کوئی نقصان

اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۟ قف

معمولی تکلیف کے اور اگر وہ جنگ کریں تم سے وہ پھیر جائیں گے تم سے پیٹھیں

نہیں پہنچا سکتے اور اگر وہ تم سے جنگ کریں گے تو تم سے پیٹھیں پھیر جائیں گے،

ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ

پھر نہیں وہ مدد کیے جائیں گے مسلط کی گئی اُن پر ذلت

پھر وہ نہیں مدد کیے جائیں گے۔(111) یہ جہاں کہیں بھی پائے جائیں ذلت ان پر مسلط کر دی گئی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَيْنَ مَا | ثُقِفُوْٓا | اِلَّا | بِحَبْلٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَحَبْلٍ |
| جہاں کہیں بھی | وہ پائے جائیں | مگر | ساتھ پناہ کے | اللہ تعالیٰ سے | اور پناہ کے |

سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ کی مالویگوں کی پناہ میں ہوں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنَ النَّاسِ | وَبَآءُوْ | بِغَضَبٍ | مِّنَ اللّٰهِ | وَضُرِبَتْ |
| لوگوں سے | اور وہ لوٹے | ساتھ غضب کے | اللہ تعالیٰ سے | اور مسلط کردی گئی |

اور وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کے ساتھ لوٹے اور ان پر محتاجی مسلط کردی گئی،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمُ | الْمَسْكَنَةُ ؕ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانُوْا | يَكْفُرُوْنَ |
| اُن پر | محتاجی | یہ | اس وجہ سے کہ یقیناً وہ | وہ تھے | وہ کفر کرتے |

اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی آیات سے کفر کرتے تھے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | وَيَقْتُلُوْنَ | الْاَنْۢبِيَآءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ | ذٰلِكَ |
| اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کا | اور وہ قتل کرتے تھے | پیغمبروں کو | کسی حق کے بغیر | یہ |

اور وہ پیغمبروں کو کسی حق کے بغیر قتل کرتے تھے، یہ اس وجہ سے ہوا کہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | عَصَوْا | وَّكَانُوْا | يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ق | لَيْسُوْا |
| اس وجہ سے کہ | انہوں نے نافرمانی کی | اور تھے وہ | وہ حد سے گزر جاتے تھے | نہیں ہیں وہ سب |

انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حدود سے گزر جاتے تھے۔(112) وہ سب برابر نہیں ہیں،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَوَآءً ؕ | مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ | اُمَّةٌ | قَآئِمَةٌ | يَّتْلُوْنَ |
| برابر | اہلِ کتاب میں سے | ایک جماعت | قیام کرنے والی ہے | تلاوت کرتے ہیں |

اہل کتاب میں سے ایک جماعت قیام کرنے والی ہے، جو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِ اللّٰهِ | اٰنَآءَ الَّيْلِ | وَهُمْ | يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ | يُؤْمِنُوْنَ |
| اللہ تعالیٰ کی آیات | رات کے اوقات میں | اور وہ سب | سجدے کرتے ہیں | وہ ایمان رکھتے ہیں |

رات کے اوقات میں اللہ تعالیٰ کی آیات کی تلاوت کرتے ہیں اور وہ سجدے کرتے ہیں۔(113)

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

ساتھ اللہ تعالیٰ کے اور دن آخرت کے اور وہ حکم دیتے ہیں بھلائی کا

وہ اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ

اور وہ روکتے ہیں برائی سے اور وہ بھاگ دوڑ کرتے ہیں خیر کے کاموں میں

اور برائی سے روکتے ہیں اور خیر کے کاموں میں بھاگ دوڑ کرتے ہیں

وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ

اور یہی لوگ صالحین میں سے ہیں اور جو وہ کریں گے بھلائی میں سے

اور یہی لوگ صالحین میں سے ہیں۔(114) اور بھلائی میں سے جو بھی وہ کریں گے

فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

تو ہرگز نہیں ناقدری کی جائے گی اس کی اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے متقی لوگوں کو

اس کی ناقدری ہرگز نہیں کی جائے گی اور اللہ تعالیٰ متقی لوگوں کو خوب جاننے والا ہے۔(115)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ

یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا ہرگز نہیں کام آئیں گے اُن سے مال اُن کے

یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا ان کے مال

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

اور نہ اولاد اُن کی اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی اور یہی لوگ آگ والے ہیں

اور ان کی اولاد اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ان کے ہرگز کچھ کام نہ آئیں گے اور یہی لوگ آگ والے ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ

وہ سب اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں مثال اُس کی جو وہ خرچ کرتے ہیں

اور وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(116) اس کی مثال جو وہ

فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ

اس زندگی میں دنیا کی مثال کی طرح ہے ہوا کی جس میں شدید سردی ہو

اس دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں، اس ہوا کی مثال کی طرح ہے جس میں شدید سردی ہو،

اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

وہ پہنچی کھیتی کو لوگوں کی جنہوں نے ظلم کیا اپنی جانوں پر

جو ایسے لوگوں کی کھیتی کو پہنچی جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا،

فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ

تو اس نے تباہ و برباد کر دیا اسے اور نہیں ظلم کیا اُن پر اللہ تعالیٰ نے لیکن اپنی جانوں پر

تو اس نے اسے تباہ و برباد کر دیا، اللہ تعالیٰ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً

وہ ظلم کرتے ہیں اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ تم بناؤ دِلی دوست

خود ظلم کرتے ہیں۔ (117) اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے سوا کسی کو دلی دوست نہ بناؤ،

مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا

سوائے اپنے نہیں وہ کمی کرتے تم سے کسی طرح برباد کرنے میں وہ پسند کرتے ہیں

وہ تمہیں کسی طرح برباد کرنے میں کوئی کمی نہیں کرتے، وہ پسند کرتے ہیں

مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ

اس چیز کو جو مصیبت میں ڈالے تمہیں یقیناً ظاہر ہو چکا بُغض اُن کے مونہوں سے

ایسی چیز کو جو تمہیں مصیبت میں ڈال دے، یقیناً ان کا بغض اُن کے مونہوں سے ظاہر ہو چکا ہے

وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا

اور جو چھپاتے ہیں سینے اُن کے زیادہ بڑا ہے یقیناً کھول کر بیان کر دی ہیں ہم نے

اور جو ان کے سینے چھپاتے ہیں زیادہ بڑا ہے۔ یقیناً ہم نے

لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ

تمہارے لیے آیات اگر ہوتم سمجھتے دیکھوتم ہی وہ لوگ ہو

تمہارے لیے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں اگر تم سمجھتے ہو۔(118) دیکھو! تم لوگ ہی

تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ

تم محبت رکھتے ہواُن سے اورنہیں وہ محبت رکھتے تم سے حالانکہ تم ایمان رکھتے ہو کتابوں پر

ان سے محبت کرتے ہواور وہ تم سے محبت نہیں رکھتے حالانکہ تم ساری کتابوں پر ایمان رکھتے ہو

كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا

ساری کی ساری اور جب وہ ملتے ہیں تم سے وہ کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور جب

اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اور جب

خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ

وہ اکیلے ہوتے ہیں چباتے ہیں تم پر انگلیاں غصے سے

اکیلے ہوتے ہیں تو تم پر غصے سے اُنگلیاں چباتے ہیں،

قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

آپ کہہ دیں تم مرجاؤ اپنے ہی غصے سے بلاشبہ اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے

آپ کہہ دیں اپنے غصے ہی سے تم مرجاؤ، بلاشبہ اللہ تعالیٰ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ

دلوں کی باتوں کو اگر پہنچے تمہیں کوئی بھلائی بُری لگتی ہے انہیں

دلوں کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔(119) اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بُری لگتی ہے

وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ

اور اگر پہنچے تمہیں کوئی مصیبت وہ خوش ہوتے ہیں اس پر اور اگر

اور اگر تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو وہ اس پر خوش ہوتے ہیں اور اگر

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ

تم صبر کرو اور تم ڈرو نہیں نقصان دے گی تمہیں خفیہ تدبیر اُن کی کچھ بھی

تم صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو تو ان کی خفیہ تدبیر تمہیں کچھ بھی نقصان نہیں پہنچائے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ

یقیناً اللہ تعالیٰ ساتھ اُس کے جو وہ عمل کرتے ہیں احاطہ کرنے والا ہے اور جب

یقیناً جو وہ عمل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کا احاطہ کرنے والا ہے۔(120) اور جب

غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ

صبح سویرے نکلے آپ اپنے گھر والوں سے آپ متعین کر رہے تھے مومنوں کو مورچوں پر

آپ صبح کے وقت اپنے گھر والوں سے نکل کر مومنوں کو جنگ کے مورچوں پر متعین کر رہے تھے

لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ لا اِذْ هَمَّتْ

جنگ کے لیے اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے جب ارادہ کر چکی تھیں

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(121) جب

طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ

دو جماعتیں تم میں سے یہ کہ وہ دونوں ہمت ہار جائیں حالانکہ اللہ تعالیٰ مددگار تھا اُن دونوں کا

تم میں سے دو جماعتیں ارادہ کر چکی تھیں کہ ہمت ہار جائیں حالانکہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کا مددگار تھا

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ

اور اللہ تعالیٰ پر پس لازم ہے کہ بھروسہ کریں ایمان والے اور بلاشبہ یقیناً مدد فرما چکا ہے تمہاری

پس لازم ہے کہ ایمان والے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کریں (122) اور بلاشبہ یقیناً

اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

اللہ تعالیٰ بدر میں حالانکہ تم نہایت کمزور تھے چنانچہ تم ڈر جاؤ اللہ تعالیٰ سے

اللہ تعالیٰ بدر میں بھی تمہاری مدد فرما چکا ہے حالانکہ تم نہایت کمزور تھے، چنانچہ اللہ تعالیٰ سے ڈر جاؤ

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ

تاکہ تم تم شکر کرو جب آپ کہہ رہے تھے مومنوں کے لیے کیا نہیں

تاکہ تم شکر کرو۔(123) جب آپ مومنوں سے کہہ رہے تھے کہ کیا

يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ

کافی تمہیں یہ کہ مدد کرے تمہاری رب تمہارا ساتھ تین ہزار کے

تمہیں یہ کافی نہیں ہے کہ تمہارا رب تین ہزار

مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا

فرشتوں سے نازل کردہ کیوں نہیں اگر تم صبر کرو

نازل کردہ فرشتوں کے ساتھ تمہاری مدد فرمائے؟(124) کیوں نہیں! اگر تم صبر کرو

وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا

اور تم (اللہ تعالیٰ سے) ڈرو اور وہ آ پہنچیں تمہارے پاس اپنے سخت جوش میں اس

اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور دشمن تم پر اپنے اس سخت جوش میں آ پہنچیں تو

يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

مدد کرے گا تمہاری رب تمہارا ساتھ پانچ ہزار کے فرشتوں سے نشان زدہ

تمہارا رب پانچ ہزار نشان زدہ فرشتوں سے تمہاری مدد کرے گا۔(125)

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ

اور نہیں بنایا اُس کو اللہ تعالیٰ نے مگر خوش خبری تمہارے لیے اور تاکہ مطمئن ہو جائیں

اور اس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے محض خوشخبری بنایا ہے اور تاکہ

قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

دل تمہارے ساتھ اس کے اور نہیں ہے مدد مگر اللہ تعالیٰ کے پاس سے

تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں اور مدد صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ

(جو) سب پر غالب کمال حکمت والا ہے تاکہ وہ کاٹ دے ایک حصے کو اُن لوگوں سے

جو سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(126) تاکہ اللہ تعالیٰ

كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ

جنہوں نے کفر کیا یا وہ ذلیل کردے اُن کو پھر وہ واپس لوٹ جائیں نامراد ہوکر نہیں ہے

کافروں کے ایک حصے کو کاٹ دے یا ان کو ذلیل کردے، پھر وہ نامراد واپس لوٹ جائیں۔(127)

لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ

آپ کے لیے اس معاملے سے کوئی اختیار یا وہ توبہ قبول فرمائے اُن کی یا

آپ کو اس معاملے میں کوئی اختیار نہیں، خواہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمائے یا

يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا

وہ عذاب دے اُن کو بلاشبہ وہی ظالم ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو کچھ

ان کو عذاب دے، بلاشبہ وہی ظالم ہیں۔(128) اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ بخش دیتا ہے جس کے لیے وہ چاہتا ہے

آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے، وہ جس کو چاہتا ہے بخش دیتا ہے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۴ ۹ ۴

اور وہ عذاب دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہے

اور جس کو چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(129)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ تم کھاؤ سود کئی گنا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کئی گنا سود نہ کھاؤ

مُّضٰعَفَةً ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا

جو دُگنے کیے ہوئے ہوں اور تم ڈر جاؤ اللہ تعالیٰ سے تاکہ تم تم کامیاب ہو جاؤ اور تم ڈر جاؤ

جو دگنے کیے ہوئے ہوں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔(130) اور اُس آگ سے ڈر جاؤ

النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

آگ سے وہ جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے اور تم اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی

جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔(131) اور اللہ تعالیٰ کی

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

اور رسول کی تاکہ تم تم پر رحم کیا جائے اور تم دوڑو طرف مغفرت کی

اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔(132) اور

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ

اپنے رب کی طرف سے اور جنت کی چوڑائی جس کی آسمانوں اور زمین (جتنی) ہے

اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف دوڑو جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین جتنی ہے

اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ۙ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ

تیار کی گئی ہے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لیے وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں خوشی میں

جو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لیے تیار کی گئی ہے (133) وہ لوگ جو خوشی

وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ

اور تکلیف اور پینے والے غصے کو اور درگزر کرنے والے لوگوں سے

اور تکلیف میں خرچ کرتے ہیں اور غصے کو پینے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے ہیں

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا

اور اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے نیکی کرنے والوں کو اور وہ لوگ جو جب وہ کر بیٹھیں

اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(134) وہ ایسے لوگ ہیں جب

فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ

کوئی برائی یا وہ ظلم کر بیٹھیں اپنی جانوں پر وہ یاد کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کو

کوئی برائی کر بیٹھیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھیں تو وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں

فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ

پھر وہ بخشش مانگتے ہیں اپنے گناہوں کے لیے اور کون ہے جو معاف کر سکتا ہو گناہوں کو

پھر وہ اپنے گناہوں کے لیے بخشش مانگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے سوا گناہوں کو کون معاف کر سکتا ہے؟

اِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا

سوائے اللہ تعالیٰ کے اور نہیں وہ اصرار کرتے اُوپر اس کے جو اُنہوں نے کیا

اور اس پر جو انہوں نے کیا جان بوجھ کر اصرار نہیں کرتے۔

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ

اور وہ سب وہ جانتے ہیں یہی لوگ ہیں بدلہ ان کا مغفرت ہے

(135) یہی لوگ ہیں جن کا بدلہ

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اُن کے رب کی طرف سے اور جنتیں ہیں جاری ہیں جن کے نیچے سے نہریں

ان کے رب کی طرف سے مغفرت اور جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ ؕ قَدْ

ہمیشہ رہنے والے ہیں ان میں اور کیسا اچھا ہے بدلہ عمل کرنے والوں کا یقیناً

اُن میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور کیسا اچھا بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا! (136)

خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

گزر چکے پہلے تم سے بہت سے طریقے سو تم چلو پھرو زمین میں

تم سے پہلے بھی بہت سے طریقے گزر چکے ہیں، سو تم زمین میں چل کر

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا

چنانچہ تم دیکھو کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا یہ

دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔(137)

بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾

بیان ہے لوگوں کے لیے اور ہدایت اور نصیحت اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے

لوگوں کے لیے یہ بیان ہے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔(138)

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ

اور نہ تم ہمت ہارو اور نہ تم غم کرو اور تم ہی غالب ہوگے

اور نہ تم ہمت ہارو اور نہ غم کرو اور تم ہی غالب رہو گے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ

اگر ہو تم مومن اگر لگی ہے تمہیں چوٹ

اگر تم مومن ہو۔(139) اگر تمہیں چوٹ لگی ہے

فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ

تو یقیناً لگ چکی اس قوم کو چوٹ اس جیسی اور یہ

تو انہیں بھی یقیناً اس جیسی چوٹ لگ چکی ہے اور یہ

الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ

دن ہیں ہم گھماتے رہتے ہیں انہیں درمیان لوگوں کے اور تا کہ جان لے اللہ تعالیٰ

دن ہیں جنہیں ہم لوگوں کے درمیان گھماتے رہتے ہیں اور تا کہ اللہ تعالیٰ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ

اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور وہ بنالے تم میں سے شہید اور اللہ تعالیٰ

ان لوگوں کو جان لے جو ایمان لائے اور تم میں سے بعض کو شہید بنالے، اور اللہ تعالیٰ

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

نہیں وہ محبت کرتا ظالموں سے اور تا کہ خالص کر لے اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو جو

ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔(140) اور تا کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو خالص کر لے

اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

ایمان لائے اور وہ مٹا دے کافروں کو یا تم نے گمان کر لیا کہ

جو ایمان لائے اور کافروں کو مٹا دے۔(141) یا تم نے گمان کر لیا کہ

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

تم داخل ہو جاؤ گے جنت میں حالانکہ ابھی تک نہیں جانا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو

تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ابھی تک اُن کو نہیں جانا

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ

جنہوں نے جہاد کیا تم میں سے اور وہ جان لے صبر کرنے والوں کو اور بلاشبہ یقیناً

جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا اور تا کہ وہ جان لے صبر کرنے والوں کو۔(142) اور بلاشبہ

كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ

تھے تم تم تمنا کرتے تھے موت کی (اس) سے پہلے یہ کہ تم ملو اس سے

یقیناً تم موت کی تمنا کیا کرتے تھے اس سے پہلے کہ تم ملو اس سے،

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمَا ع ۱۴ ۱۴ ۵

تو یقیناً تم نے دیکھ لیا اُس کو اس حال میں کہ تم تم (آنکھوں سے) دیکھ رہے تھے اور نہیں ہیں

تو یقیناً تم نے اسے اس حال میں دیکھ لیا کہ تم (آنکھوں سے) دیکھ رہے تھے۔ اور نہیں ہیں

مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ

محمد مگر ایک رسول یقیناً گذر چکے اس سے پہلے

محمد مگر ایک رسول، یقیناً اس سے پہلے

الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنۡ مَّاتَ اَوۡقُتِلَ انۡقَلَبۡتُمۡ

کئی رسول تو کیا اگر وہ وفات پا جائے یا وہ قتل کر دیا جائے تو پلٹ جاؤ گے تم

بھی کئی رسول گزر چکے ہیں، تو کیا اگر وہ وفات پا جائے یا قتل کر دیا جائے

عَلٰۤی اَعۡقَابِکُمۡ ؕ وَمَنۡ یَّنۡقَلِبۡ عَلٰی عَقِبَیۡہِ فَلَنۡ

اپنی ایڑیوں کے بل اور جو شخص پلٹے گا اپنی ایڑیوں پر تو ہرگز نہیں

تو تم اپنی ایڑیوں کے بل پلٹ جاؤ گے؟ اور جو شخص اپنی ایڑیوں پر پلٹے گا

یَّضُرَّ اللّٰہَ شَیۡئًا ؕ وَسَیَجۡزِی اللّٰہُ

وہ نقصان پہنچائے گا اللہ تعالیٰ کو کچھ بھی اور عنقریب جزا دے گا اللہ تعالیٰ

تو وہ اللہ تعالیٰ کو ہرگز کچھ بھی نقصان نہیں پہنچائے گا اور عنقریب اللہ تعالیٰ

الشّٰکِرِیۡنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا کَانَ لِنَفۡسٍ اَنۡ تَمُوۡتَ

شکر کرنے والوں کو اور کبھی نہیں (ممکن) ہے کسی جان کے لیے یہ کہ وہ مر جائے

شکر کرنے والوں کو جزا دے گا۔ (144) اور کسی جان کے لیے کبھی ممکن نہیں ہے کہ

اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰہِ کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنۡ

مگر ساتھ حکم کے اللہ تعالیٰ کے لکھا ہوا ہے مقررہ وقت اور جو کوئی

وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر مر جائے، مقررہ وقت لکھا ہوا ہے، اور جو کوئی

یُّرِدۡ ثَوَابَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا ۚ وَمَنۡ یُّرِدۡ

چاہتا ہے بدلہ دنیا کا ہم دیں گے اُسے اس میں سے اور جو کوئی چاہے

دنیا کا بدلہ ہی چاہتا ہے ہم اسے دنیا میں ہی دیں گے، اور جو

ثَوَابَ الۡاٰخِرَۃِ نُؤۡتِہٖ مِنۡہَا ؕ وَسَنَجۡزِی

بدلہ آخرت کا ہم دیں گے اُسے اس میں سے اور بہت جلد ہم جزا دیں گے

آخرت کا بدلہ چاہے گا اُسے ہم آخرت میں دیں گے اور بہت جلد ہم

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ

شکر کرنے والوں کو اور کتنے ہی نبیوں میں سے جنگ کی جن کے ساتھ رب والوں نے

شکر کرنے والوں کو جزا دیں گے۔(145)اور کتنے ہی نبی تھے جن کے ساتھ مل کر

كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بہت سے تو نہ انہوں نے ہمت ہاری اُس کے لیے جو تکلیف پہنچی اُن کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں

بہت سے رب والوں نے جنگ کی اور اس کے لیے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں انہیں تکلیف پہنچی، انہوں نے ہمت نہیں ہاری

وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

اور نہ وہ کمزور پڑے اور نہ انہوں نے عاجزی دکھائی اور اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے

اور نہ وہ کمزور پڑے اور نہ انہوں نے عاجزی دکھائی اور اللہ تعالیٰ

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا

صبر کرنے والوں سے اور نہیں تھی بات اُن کی مگر یہ کہ اُنہوں نے کہا

صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے (146)اور ان کی دُعا اس کے سوا کچھ نہ تھی:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا

اے ہمارے رب آپ بخش دیجیے ہمارے لیے ہمارے گناہوں کو اور ہماری زیادتی کو ہمارے کام میں

”اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے اور ہمارے کام میں ہماری زیادتی کو بھی

وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

اور آپ ثابت رکھیں ہمارے قدموں کو اور آپ مدد فرمائیں ہماری قوم کے مقابلے میں

اور آپ ہمیں ثابت قدم رکھیں اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرمائیں۔

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ

کافر تو دیا اُن کو اللہ تعالیٰ نے بدلہ دنیا کا اور اچھا

(147) تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو دنیا کا بدلہ بھی دیا

ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بدلہ | آخرت کا | اور اللہ تعالیٰ | محبت رکھتا ہے | نیکی کرنے والوں سے |

اور آخرت کا اچھا بدلہ بھی اور اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔(148)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | اگر | تم اطاعت کرو گے | اُن لوگوں کی |

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تم ان لوگوں کی اطاعت کرو گے

كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

| | | | |
|---|---|---|---|
| جنہوں نے کفر کیا | وہ لوٹا دیں گے تمہیں | تمہاری ایڑیوں کے بل | پھر تم پلٹو گے |

جنہوں نے کفر کیا تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے بل لوٹا دیں گے پھر تم

خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خسارہ اٹھانے والے ہو کر | بلکہ | اللہ تعالیٰ | مالک ہے تمہارا | اور وہ | بہترین ہے |

خسارہ اٹھانے والے ہو کر پلٹو گے۔(149) بلکہ اللہ تعالیٰ تمہارا مالک ہے اور وہ

النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سب مدد کرنے والوں سے | جلد ہی ہم ڈال دیں گے | دلوں میں | اُن لوگوں کے | جنہوں نے کفر کیا | |

سب مدد کرنے والوں سے بہترین ہے۔(150) جلد ہی ہم ان لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے کفر کیا

الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رعب | اس وجہ سے جو | اُنہوں نے شرک کیا | ساتھ اللہ تعالیٰ کے | جو | نہیں |

رُعب ڈال دیں گے اس وجہ سے جو انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا جس کی

يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُتاری اُس نے | ساتھ اس کے | کوئی دلیل | اور ٹھکانہ اُن کا | آگ ہے | اور بہت بُرا ہے |

اس نے کوئی دلیل بھی نہیں اُتاری اور اُن کا ٹھکانہ آگ ہے اور

مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ

ٹھکانہ ظالموں کا اور بلاشبہ یقیناً سچا کر دکھایا تم سے اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کو

ظالموں کا بہت ہی بُرا ٹھکانہ ہے۔(151) اور بلاشبہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنے وعدے کو سچا کر دکھایا

اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ

جب تم کاٹ رہے تھے اُنہیں اُس کے حکم سے یہاں تک کہ جب پست ہمت ہو گئے تم

جب تم اُس کے حکم سے انہیں کاٹ رہے تھے، یہاں تک کہ جب تم پست ہمت ہو گئے

وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ

اور جھگڑا کیا تم نے حکم کے بارے میں اور نافرمانی کی تم نے بعد اس کے جو

اور حکم کے بارے میں جھگڑا کیا اور تم نے نافرمانی کی اس کے بعد

اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا

اُس نے دکھائی تمہیں وہ چیز جو تم پسند کرتے تھے تم میں سے ہے جو چاہتا ہے دنیا

جو اس نے تمہیں وہ چیز دکھائی جو تم پسند کرتے تھے تم میں سے کوئی

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ

اور تم ہی میں سے ہے جو چاہتا ہے آخرت پھر اُس نے پھیر دیا تمہیں

دنیا چاہتا ہے اور تم ہی میں سے کوئی آخرت چاہتا ہے، پھر

عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ

اُن سے تا کہ وہ آزمائے تمہیں اور بلاشبہ یقیناً اُس نے معاف کیا تمہیں

اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان سے پھیر دیا تا کہ وہ تمہیں آزمائے اور بلاشبہ اُس نے یقیناً تمہیں معاف کر دیا

وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ

اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے ایمان والوں پر جب تم دور چلے جا رہے تھے

اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں پر بڑے فضل والا ہے۔(152) جب تم دور چلے جا رہے تھے

وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ

اور نہ تم مڑ کر دیکھتے تھے کسی ایک کو اور رسول پکار رہا تھا تمہیں

اور مڑ کر کسی ایک کو بھی نہ دیکھتے تھے اور رسول تمہیں تمہاری پچھلی جماعت میں پکار رہا تھا

فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا

تمہاری پچھلی جماعت میں تو اُس نے بدلے میں دیا تمہیں غم ساتھ غم کے تا کہ نہ

تو اُس نے بدلے میں تمہیں غم کے ساتھ اور غم دیا تا کہ

تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ

تم غم کرو اُس پر جو نکل گیا تمہارے ہاتھ سے اور نہ اس پر جو مصیبت پہنچی تمہیں

تم اس پر غم نہ کرو جو تمہارے ہاتھ سے نکل گیا اور نہ اس پر جو تمہیں مصیبت پہنچی

وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ

اور اللہ تعالیٰ پوری خبر رکھنے والا ہے اس کی جو تم عمل کرتے ہو پھر اس نے نازل فرمایا

اور اللہ تعالیٰ پوری خبر رکھنے والا ہے اس کی جو تم عمل کرتے ہو۔ (153) پھر

عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى

تم پر بعد غم کے ایک امن ایک اونگھ تھی وہ چھا رہی تھی

اللہ تعالیٰ نے اس غم کے بعد تم پر ایک امن نازل فرمایا، ایک اونگھ تھی جو

طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ

کچھ لوگوں پر تم میں سے اور کچھ لوگ تھے یقیناً فکر میں ڈال رکھا تھا ان کو ان کی جانوں نے

تم میں سے کچھ لوگوں پر چھا رہی تھی اور یقیناً کچھ لوگ تھے جن کی جانوں نے انہیں فکر میں ڈال رکھا تھا،

يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ

وہ گمان کر رہے تھے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ناحق گمان جاہلیت کا وہ کہتے تھے

وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ناحق جاہلیت کا گمان کر رہے تھے، وہ کہتے تھے:

هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ

کیا ہمارے لیے ہے کام میں کچھ بھی (اختیار) آپ کہہ دیں بلاشبہ کام

''کیا اس کام میں ہمارا کچھ بھی اختیار ہے؟'' آپ کہہ دیں: ''بلاشبہ

كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا

سارے کا سارا اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے وہ چھپائے ہوئے ہیں اپنی جانوں میں جو نہیں

سارا کام اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہے۔'' وہ اپنے دلوں میں ایسی بات چھپائے ہوئے ہیں

يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ

وہ ظاہر کرتے آپ کے لیے وہ کہتے ہیں اگر ہوتا ہمارے لیے اس کام میں

جو آپ کے لیے ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: ''اگر اس کام میں ہمارا

شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ

کچھ بھی (اختیار) نہ مارے جاتے ہم یہاں آپ کہہ دیں اگر ہوتے تم

کچھ بھی اختیار ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے'' آپ کہہ دیں: ''اگر تم

فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ

اپنے گھروں میں ضرور نکل آتے وہ لوگ جو لکھا گیا تھا اُن پر قتل ہونا

اپنے گھروں میں ہوتے تو بھی جن کا قتل ہونا لکھا گیا تھا وہ ضرور

اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

اپنے لیٹنے کی جگہوں کی طرف اور تا کہ آزمالے اللہ تعالیٰ اس کو جو تمہارے سینوں میں ہے

اپنے لیٹنے کی جگہوں کی طرف نکل آتے'' اور تا کہ اللہ تعالیٰ اسے آزمالے جو تمہارے سینوں میں ہے

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

اور تا کہ وہ خالص کردے اُس کو جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے

اور تا کہ وہ اسے خالص کردے جو تمہارے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ

سینوں والی باتوں کو یقیناً وہ لوگ جو پیٹھ پھیر گئے تم میں سے اس دن

سینوں والی باتیں خوب جاننے والا ہے۔(154) یقیناً تم میں سے جو لوگ اس دن پیٹھ پھیر گئے

الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ

باہمی تصادم ہوا دو جماعتوں کا یقیناً پھسلا دیا تھا اُن کو شیطان نے

جب دو جماعتوں کا باہمی تصادم ہوا، یقیناً انہیں شیطان ہی نے

بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ

ساتھ بعض (ان کے) جو اُنہوں نے کمائے اور بلاشبہ یقیناً معاف کر دیا اللہ تعالیٰ نے

ان کے بعض اعمال کی وجہ سے پھسلا دیا تھا اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے انہیں یقیناً معاف کر دیا ہے،

ع ۱۶ ۷

عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اُن سے بے شک اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا نہایت بُردبار اے لوگو جو

بے شک اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت بُردبار ہے۔(155) اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا

ایمان لائے ہو نہ تم ہو جانا اُن لوگوں جیسے جنہوں نے کفر کیا اور اُنہوں نے کہا

ایمان لائے ہو! تم ان لوگوں جیسے نہ ہو جانا جنہوں نے کفر کیا اور انہوں نے

لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا

اپنے بھائیوں کے لیے جب انہوں نے سفر کیا زمین میں یا تھے وہ

اپنے بھائیوں کے بارے میں کہا جب انہوں نے زمین میں سفر کیا یا وہ

غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا

لڑنے والے اگر وہ ہوتے ہمارے پاس نہ وہ مرتے اور نہ

لڑنے والے تھے کہ اگر وہ ہمارے پاس ہی رہتے تو وہ نہ مرتے اور نہ

قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

وہ قتل کیے جاتے تاکہ بنادے اللہ تعالیٰ اس کو حسرت اُن کے دلوں میں

وہ قتل کیے جاتے، تاکہ اللہ تعالیٰ اس کو ان کے دلوں میں حسرت بنادے،

وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

حالانکہ اللہ تعالیٰ زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ ساتھ اُس کے جو تم عمل کرتے ہو

حالانکہ اللہ تعالیٰ ہی زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے، اور جو بھی تم عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کو

بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ

خوب دیکھنے والا ہے اور یقیناً اگر مارے جاؤ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں یا مرجاؤ تم

خوب دیکھنے والا ہے۔(156) اور یقیناً اگر تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے جاؤ یا مرجاؤ تو

لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

البتہ بخشش اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور رحمت بہتر ہے اُس سے جو وہ جمع کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ کی بخشش اور رحمت اس سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے ہیں۔(157)

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِاَلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

اور یقیناً اگر مرگئے تم یا قتل کردیئے گئے تم البتہ اللہ تعالیٰ کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے

یقیناً اگر تم مرگئے یا قتل کردیئے گئے تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے۔(158)

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ

پس اس وجہ سے جو بڑی رحمت ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نرم ہوگئے ہیں آپ اُن کے لیے اور اگر

پس اللہ تعالیٰ کی بڑی رحمت ہی کی وجہ سے آپ ان کے لیے نرم ہوگئے ہیں اور اگر

كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۪

ہوتے تم بدخلق سخت دل یقیناً وہ منتشر ہوجاتے آپ کے آس پاس سے

آپ بدخلق اور سخت دل ہوتے تو یقیناً وہ آپ کے آس پاس سے منتشر ہوجاتے،

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ

سو آپ معاف کر دیں اُن سے اور آپ بخشش مانگیں اُن کے لیے اور آپ مشورہ کریں اُن سے

سو آپ انہیں معاف کر دیں اور اُن کے لئے بخشش مانگیں اور معاملات میں ان سے مشورہ کریں،

فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ

معاملات میں پھر جب آپ پختہ ارادہ کریں تو آپ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر بلاشبہ

پھر جب آپ پختہ ارادہ کر لیں تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں بلاشبہ

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے بھروسہ کرنے والوں سے اگر مدد کرے تمہاری اللہ تعالیٰ

اللہ تعالیٰ بھروسہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔(159) اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائے

فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ

تو نہیں کوئی غالب آنے والا تمہارے لیے اور اگر وہ تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو کون ہے

تو کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور اگر وہ تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو

ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

وہ جو مدد کرے گا تمہاری بعد اس کے اور اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ بھروسہ کریں

تمہاری مدد کرے گا؟ اور ایمان والوں پر تو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ پر

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ

ایمان والے اور نہیں ہے کسی نبی کے لیے یہ کہ وہ خیانت کرے اور جو

بھروسہ کریں۔(160) اور کسی نبی کے لئے ممکن ہی نہیں کہ وہ خیانت کرے اور جو

يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ

خیانت کرے گا وہ لائے گا اُس کو جو اُس نے خیانت کی قیامت کے دن پھر

خیانت کرے گا قیامت کے دن اس کو لے کر آئے گا جو اس نے خیانت کی، پھر

تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا

پورا پورا بدلہ دیا جائے گا ہر جان کو جو اُس نے کمایا اور وہ نہیں

ہر جان کو جو اس نے کمایا اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور وہ

يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ

وہ ظلم کیے جائیں گے تو کیا جو شخص پیچھے چلا اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے اُس کی مانند ہے جو

ظلم نہیں کیے جائیں گے۔(161) تو کیا جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے پیچھے چلا، اس کی مانند ہے جو

بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ

لوٹا کسی ناراضگی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اور ٹھکانہ اُس کا جہنم ہے اور بہت ہی بُرا ہے

جو اللہ تعالیٰ کی کسی ناراضگی کے ساتھ لوٹا اور اس کا ٹھکانہ تو جہنم ہے؟ اور وہ بہت ہی بُرا

الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ

ٹھکانہ ہے وہ سب طبقے ہیں اللہ تعالیٰ کے یہاں اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھنے والا ہے

ٹھکانہ ہے۔(162) وہ سب اللہ تعالیٰ کے یہاں ان کے (الگ الگ) طبقے ہیں اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھنے والا ہے

بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اُس کو جو وہ عمل کرتے ہیں بلاشبہ یقیناً احسان فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایمان لانے والوں پر

اس کو جو وہ کرتے ہیں۔(163) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں پر یقیناً احسان فرمایا

اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا

جب اس نے مبعوث فرمایا اُن میں ایک رسول ان ہی میں سے وہ پڑھ کر سناتا ہے

کہ جب اُن ہی میں سے ایک رسول اُن میں مبعوث فرمایا جو انہیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

اُن پر آیات اُس کی اور وہ پاک کرتا ہے اُنہیں اور وہ سکھاتا ہے اُنہیں کتاب

اللہ تعالیٰ کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب

النصف

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾

اور حکمت حالانکہ بلاشبہ تھے وہ (اس) سے پہلے یقیناً گمراہی میں کھلی

اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے حالانکہ بلاشبہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی گمراہی میں تھے۔(164)

اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ

اور کیا جب پہنچی تمہیں ایک مصیبت تحقیق پہنچا چکے تھے تم دوگنی اس سے

اور کیا جب تمہیں ایک ایسی مصیبت پہنچی جس سے دوگنی تم پہنچا چکے تھے

قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ

کہا تم نے کہاں سے ہے یہ آپ کہہ دیں وہ تمہارے اپنے پاس سے ہے

تو تم نے کہا یہ کہاں سے آ گئی ہے؟ آپ کہہ دیں وہ تمہارے اپنے ہی پاس سے ہے،

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ

بلاشبہ اللہ تعالیٰ اوپر ہر چیز کے پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے اور جو مصیبت پہنچی تمہیں

بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے۔(165) اور جو مصیبت تمہیں پہنچی

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ

جس دن ٹکرائی تھیں دو جماعتیں تو ساتھ حکم کے اللہ تعالیٰ کے اور تا کہ وہ جان لے

جس دن دو جماعتیں آپس میں ٹکرائی تھیں تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے تھی اور تا کہ وہ

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ ۙ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ

مومنوں کو اور تا کہ وہ جان لے اُن لوگوں کو جنہوں نے منافقت کی اور کہا گیا

مومنوں کو جان لے (166) اور تا کہ انہیں بھی جان لے جنہوں نے منافقت کی، اور جن کے لیے کہا گیا:

لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا

جن کے لیے تم آؤ جنگ کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں یا دفاع کرو اُنہوں نے کہا

''آؤ! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جنگ کرو یا دفاع کرو'' انہوں نے کہا:

لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ

اگر ہمیں علم ہوتا کسی جنگ کا البتہ ہم ضرور پیچھے آتے تمہارے وہ سب کفر کے لئے

''اگر ہمیں کسی جنگ کا علم ہوتا تو ہم ضرور تمہارے پیچھے آتے،'' وہ

يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ

اُس دن زیادہ قریب تھے اُن سے ایمان سے وہ کہتے ہیں ساتھ اپنے مونہوں کے

اس دن ایمان سے زیادہ کفر کے قریب تھے، وہ اپنے منہ سے وہ بات کہتے ہیں

مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

جو نہیں اُن کے دلوں میں ہے اور اللہ تعالیٰ زیادہ جاننے والا ہے اُس کو جو

جو ان کے دلوں میں نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو زیادہ جاننے والا ہے جسے وہ

